
# برامپٹن کے
# نیچرل ہیریٹیج سسٹم (NHS)
# کے ساتھ زندگی بسر کرنا



BRAMPTON

# برامپٹن کا
# نیچرل ہیریٹیج سسٹم

اس نقشے کو تفصیل کے ساتھ
دیکھنے کے لیے ملاحظہ کریں
brampton.ca/nhs



# عنوان کی فہرست


NHS کیا ہے؟ . . . . . 2

NHS کی فراہم کردہ ماحولیاتی خدمات . . . . . 4

بارش کا پانی اور پانی کا معیار . . . . . 5

مقامی قدرتی پودے . . . . . 6

مقامی قدرتی جانور . . . . . 8

غیر مقامی پودے اور جانور . . . . . 10

آپ NHS کی معاونت کیسے کر سکتے ہیں: گھر پر . . . . . 12

آپ NHS کی معاونت کیسے کر سکتے ہیں: ذاتی طور پر . . . . . 13

کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات . . . . . 14

لغت . . . . . 16

# NHS کیا ہے؟

**NHS کا مطلب نیچرل ہیریٹیج سسٹم (قدری ورثے کا نظام) ہے؛ اس اصطلاح کو برامپٹن کے قدرتی خدوخال اور علاقوں کے نیٹ ورک کو بیان کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ NHS آپس میں جڑے جنگلات، پانی کے راستوں، دلدلوں اور سبزہ زاروں پر مشتمل ہے، جنہیں حیاتیاتی تنوع (biodiversity) اور ماحولیاتی عمل کی حفاظت کے لیے زیر تحفظ اور منتظم کردہ رکھا گیا ہے۔ NHS برامپٹن میں ہر جگہ موجود ہے اور آپ کو اکثر مقامی پارکس میں تشریف لانے پر یہ قدرتی خدوخال نظر آئیں گی۔ سٹی آف برامپٹن قدرتی اور تعمیر کردہ جگہوں پر مشتمل ایک منفرد رہائشی ماحول فراہم کرتا ہے۔**

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

برامپٹن کے جنگلات کیرولینین زون کا حصہ ہیں۔ اس زون میں کینیڈا کے دیگر کسی بھی جنگلی علاقے کی نسبت زیادہ خطرہ زدہ (endangered) اور نایاب انواع ہیں۔ اسی لیے یہاں تشریف لانے پر ٹریل پر ہی رہنا ضروری ہے تاکہ ان کے رہنے کی جگھوں کو نقصان اور ضرر سے بچایا جا سکے۔


## NHS کے خدوخال

**ویلی لینڈز** – یہ علاقے سرآب (کسی دریا یا ندی کا ماخذ یا آغاز) سے پانی وصول کرتے ہیں اور اسے ندیوں کے ذریعے لیک اونٹاریو تک لے کر جاتے ہیں۔ یہ مچھلیوں کے لیے گھر فراہم کرتے ہیں اور پودوں اور جانوروں لیے علاقوں کے بیچ سفر کرنے کے لیے راہداری (corridor) کا کام کرتے ہیں۔ برامپٹن میں وادیوں کی تین بڑی راہداریاں کریڈٹ رور اور فلیچرز کریک، ایٹوبیکوک کریک اور ویسٹ ہمبر رور ہیں۔

**جنگلی علاقے** – زیادہ تعداد میں درختوں، جھاڑیوں اور پھولوں سے ڈھکے ہوئے علاقے۔ جنگلی علاقے پودوں اور جانوروں کو گھر فراہم کرتے ہیں، سیلابوں میں کمی لاتے ہیں اور ہماری ہوا کو صاف کرتے ہیں۔ یہ سکون حاصل کرنے اور چست رہنے کے لیے بہترین جگہیں ہیں۔ بائیک پر میسے ووڈ لینڈ یا سپرنگ ڈیل فورسٹ کی سیر کریں!



**ایٹوبیکوک کریک ٹریل**



**سپرنگ ڈیل فورسٹ**

**سبزہ زار** – اکثر رنگین جنگلی پھولوں سے بھرے اور پرندوں اور کیڑوں کی آوازوں سے زندہ، حیاتیاتی تنوع کے یہ مراکز جنگلی حیات کو زندگی بخشتے ہیں، اخراج شدہ کاربن کو ہوا سے نکالتے ہیں اور بارش کے پانی کو ذخیرہ کر کے سیلاب کو روکتے ہیں۔ سبزہ زار تصویریں لینے اور دوستوں اور اہل خانہ کے ساتھ چہل قدمی کے لیے جانے کے لیے زبردست جگہیں ہیں۔ کاؤٹن فیملی میڈو ملاحظہ کریں اور دیکھیں کہ آپ کتنی تتلیاں ڈھونڈ سکتے ہیں!



کاؤٹن فیملی میڈو



ستی آف برامپٹن نیچرل ہیریٹیج اینڈ انوائرمنٹ مینجمنٹ اسٹریٹجی کے ذریعے قدرتی علاقوں کو بحال کرنے کے لیے فعال طور پر کام کر رہا ہے

مزید جاننے کے لیے **brampton.ca/nhs** ملاحظہ کریں

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

**دلدل** – دلدلوں کی کئی مختلف اقسام ہیں، بشمول پھنسار (marshes)، دھسن (swamps) ، نشیب (fens) اور کیچڑ (bogs)۔ دلدلی علاقے بارش کے پانی کو پانی کے راستوں میں داخل ہونے سے پہلے عارضی طور پر ذخیرہ کرتے ہیں اور صاف کرتے ہیں، آلودہ کرنے والی چیزیں نکالتے ہیں اور مقامی انواع کے لیے رہنے کی صاف تر جگہ بناتے ہیں۔ ایک دلدلی علاقے کو حقیقی طور پر دیکھنے کے لیے ہرٹ لیک کنزویشن ایریا تشریف لائیں!



کنزویشن ڈاکٹر پارک ویٹ لینڈ

**پانی کے راستے اور جھیلیں** – سورج، کھیل، مچھلی پکڑنا اور دلکش نظارہ - یہ سب اور مزید بہت کچھ برامپٹن کے خوبصورت جھیلوں اور ساحلوں پر پائیں! برامپٹن کے سب سے زیادہ چھپے ہوئے رازوں میں سے ایک اس کی حسین جھیلیں اور دریا ہیں، جو کئی اقسام کی آبی انواع کا گھر ہیں، بشمول خطرہ زدہ (endangered) ریڈ سائیڈ ڈیس! اپنی ذاتی رہنمائی کے ساتھ ٹوئر کے ذریعے برامپٹن کی کئی جھیلیں اور ساحلوں سے لطف اندوز ہونے کے لیے ملاحظہ کریں: .www.brampton.ca/lakestour



رٹن لیک

# NHS کی فراہم کردہ ماحولیاتی خدمات

**برامپٹن کا نیچرل ہیریٹیج سسٹم (NHS) وسیع اقسام کی بنیادی ماحولیاتی خدمات فراہم کرتا ہے، جو شہر اور اس کے رہائشیوں کو کئی طریقوں سے فائدہ پہنچاتی ہیں:**



**پولی نیشن اور فصل کی پیداوار:**
قدرتی پولینیٹرز، جیسا کہ شہد کی مکھیاں اور تتلیاں، NHS میں پھلتے پھولتے ہیں اور پودوں کی پولینیشن میں کردار ادا کرتے ہیں، بشمول زرعی فصلیں، جو خوراک کی پیداوار کو یقینی بناتا ہے۔

**زمین کی صحت اور غذائی اجزاء کی گردش:**
NHS زمین کے صحت مند ماحولیاتی نظام کو ممکن بناتا ہے، جو غذائی اجزاء کی گردش کو بہتر بناتا ہے، مٹی کی زرخیزی کو بہتر بناتا ہے اور ماحول دوست زراعت کو فروغ دیتا ہے۔

**تفریحی اور ثقافتی اقدار:**
قدرتی علاقے تفریح، بیرونی سرگرمیوں اور قدرت کے ساتھ ثقافتی تعلقات کے لیے مواقع کی پیشکش کرتے ہیں، جو رہائشیوں کی مجموعی بہبود اور معیار زندگی کو بہتر بناتے ہیں۔

**حیاتیاتی تنوع (Biodiversity) میں معاونت:**
NHS پودوں اور جانوروں کی متنوع انواع کا گھر ہے، جو حیاتیاتی تنوع کے تحفظ اور ماحولیاتی توازن کو برقرار


**کاربن کی ضبطی (Carbon sequestration):**
درخت اور سبزہ کاربن ڈائی آکسائیڈ کو پکڑ کر ذخیرہ کرنے میں مدد دیتے ہیں، جو ماحولیاتی تبدیلی کو کم کرتا ہے اور ہوا کے معیار کو بہتر بناتا ہے۔

**سیلاب میں تخفیف:**
NHS کے اندر دلدل اور قدرتی پانی والے خدوخال قدرتی اسفنج کے طور پر کام کرتے ہیں اور بارش کے اضافی پانی کو جذب اور ذخیرہ کرتے ہیں، جو شہری علاقوں میں سیلاب کے خطرے کو کم کرتا ہے۔

**پانی کو منتظم کرنا:**
NHS پانی کے بہاؤ کو منتظم کرنے میں مدد دیتا ہے، جو کٹائی کو روکتا ہے، ندیوں کی صحت کو برقرار رکھتا ہے اور زیر زمین پانی کے ذخیرے کو بھرتا ہے۔



# بارش کا پانی اور پانی کا معیار




بارش کا پانی ہماری املاک سے بہہ کر سڑکوں پر جانے والا بارش اور پگھلی ہوئی برف کا پانی ہے۔ بارش کے پانی کو کیچ بیسنز کے ذریعے سٹی کے بارش کے پانی کے نکاسی کے نظام (stormwater drainage system) میں بھیجا جاتا ہے، جو آخر کار ماحول میں پہنچ جاتا ہے۔ جیسے جیسے سٹی آف برامپٹن بڑھ رہا ہے، ہم ماحولیاتی تبدیلی کی وجہ سے زیادہ کثرت اور شدت کے ساتھ طوفانوں اور تعمیر شدہ علاقوں میں چھتوں، سائیڈ واکس اور پارکنگ لاٹس سے زیادہ طوفانی پانی کے بہہ کر آنے کا سامنا کر رہے ہیں۔

اگر انہیں بےقابو چھوڑ دیا گیا، تو بہہ جانے والا بارش کا پانی سیلابوں، کٹائی اور ماحولیاتی نقصان کا سبب بن سکتا ہے اور عوامی سلامتی پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔ یہ کوڑے، صابن، کھاد، سڑک کے نمک اور گاڑیوں کے تیل جیسی نقصان دہ چیزیں بھی ساتھ لے کر جا سکتا ہے، جو مقامی دریاؤں اور نالوں، جو نیچرل ہیریٹیج سسٹم کا حصہ ہیں، کو آلودہ کر سکتے ہیں۔ ان دریاؤں اور نالوں میں پہنچنے والا بہہ کر آنے والا پانی آخر کار لیک اونٹاریو میں پہنچتا ہے، جو سٹی آف برامپٹن اور جنوبی اونٹاریو میں دیگر بلدیاتی علاقوں کے لیے پینے کے پانی کا ذریعہ ہے۔ مقامی دریاؤں اور نالوں میں پانی کے معیار کا تحفظ کرنے کے لیے، سٹی آف برامپٹن نئے علاقوں میں نصب کیے جانے والے 180 سے زائد طوفانی پانی کے تالابوں کا معائنہ کرتا ہے اور دیکھ بھال کرتا ہے۔

بارش کے پانی کے تالاب تیار کردہ انفراسٹرکچر ہیں، جو پانی کے بہاؤ کو قابو کرنے، سیلاب کو منتظم کرنے اور بارش کے پانی کو عارضی طور پر ذخیرہ اور آہستہ آہستہ خارج کر کے پانی کے معیار کو بہتر بنانے میں مدد دیتے ہیں (اوپر ملاحظہ کریں)۔ جبکہ بہہ کر آنے والا پانی تالاب میں ذخیرہ کیا جاتا ہے، ذرات نیچے بیٹھ جاتے ہیں اور صاف پانی دریاؤں اور نالوں میں واپس بہہ جاتا ہے۔

# مقامی قدرتی پودے

برامپٹن کا نیچرل ہیریٹیج سسٹم حیاتیاتی تنوع سے بھرپور ہے۔ یہ پودے نہ صرف دیکھنے میں حسین نظارے بناتے ہیں، بلکہ یہ پولینیٹرز اور دیگر کئی انواع کے وجود کو ممکن بنانے کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ خاص طور پر، قدرتی درخت، پھول اور گھاس جنگلی حیات کے لیے رہنے کی جگہیں فراہم کرنے، مٹی کو بحال کرنے اور حیاتیاتی تنوع کا تحفظ کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ مقامی قدرتی پودے اور جانور (Native species) وہ ہوتے ہیں، جو کسی مخصوص علاقے میں قدرتی طور پر موجود ہوتی ہیں، یعنی انہیں جان بوجھ کر یا انجانے میں باہر سے نہیں لایا گیا تھا۔



**وائیٹ سپروس:**
وائیٹ سپروس کا درخت ہرنوں، خرگوشوں، پرندوں اور روڈنٹس کے لیے خوراک کا ذریعہ ہے۔ اس کی اوسط زندگی 250-350 سال ہوتی ہے اور کبھی کبھار 1,000 سال تک بھی پہنچ جاتا ہے۔



**وائیٹ اوک:**
وائیٹ اوک کے درخت پرندوں، بھالؤں، گلہریوں اور دیگر جانوروں کے لیے خوراک اور رہنے کی جگہ فراہم کرتے ہیں۔ یہ سانگ برڈز کے لیے بیٹھنے اور گھونسلہ بنانے اور ریکونز اور گلہریوں کے لیے گھر بنانے کے لیے جگہیں فراہم کرتے ہیں۔



**شوگر میپل:**
شوگر میپل کئی جانوروں کے لیے خوراک کا ذریعہ ہے اور کیڑوں اور پرندوں کے لیے رہنے کی جگہ فراہم کرتا ہے۔ اس کے عرق کو میپل سیرپ بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔



**ایسٹرز:**

ایسٹرز تتلیوں اور پروانوں کی کئی انواع کے لیے خوراک کا ذریعہ ہیں، بشمول پرل کریسنٹ اور مونارک بٹرفلائیز۔ یہ ہجرت سے پہلے پولینیٹرز کو خوراک بھی فراہم کرتے ہیں اور انگلینڈ ایسٹرز اور سویمپ ایسٹرز جیسی اقسام میں پائے جاتے ہیں۔



**گولڈن راڈ:**

گولڈن راڈ کے جنگلی پھول تتلیوں اور پروانوں کی کئی انواع کو رہنے کی جگہ دیتے ہیں اور یہ خزاں کے پولینیٹرز، بشمول کوئین ہمبل بیز، کو پولن اور رس فراہم کرتے ہیں۔ اس کی کئی انواع ہیں، مثلاً زگ زیگ گولڈن راڈ اور سٹف گولڈن راڈ۔



**مِلک ویڈ:**

مِلک ویڈ مونارک بٹرفلائے کے لیے ایک انتہائی اہم نسل ہے، کیونکہ اس کی سنڈیاں (caterpillars) صرف مِلک ویڈ کے پتوں کو کھاتی ہیں۔ پھول ہمبل بیز، پرونوں اور کارپینٹر بیز جیسے پولینیٹرز کے لیے بھی کشش رکھتے ہیں۔




**لٹل بلیو سٹیم:**

یہ گھاس خشک سالی برداشت کرنے کے قابل ہے، تتلیوں کے لیے مفید ہے اور پرندوں کے لیے خوراک اور رہنے کی جگہ فراہم کرتی ہے۔



**باٹل برش گراس:**

سایے کو برداشت کرنے کے قابل اور مطابقت پذیر، باٹل برش گراس سنڈیوں کا گھر بنتے ہیں اور اس کے بیج پرندوں کے لیے خوراک فراہم کرتے ہیں۔اسے بلیو سٹیم، گولڈن راڈ اور لارج-لیوڈ ایسٹرز کے ساتھ لگایا جا سکتا ہے۔



**بلیک آئیڈ سوزنز:**

یہ پھول پروانوں اور تتلیوں کی کئی انواع کے لاروا کا گھر ہوتے ہیں۔ یہ شہد کی مکھیوں کے لیے بھی پولن اور رس کا زبردست ذریعہ ہیں، جن میں سے کچھ اسپیشلسٹس ہیں، مثلاً مائننگ بی، جو صرف اس قسم کے پھولوں پر آتی ہیں۔

# مقامی قدرتی جانور

**جانور ماحول اور انسانی آبادی، دونوں کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ یہ پولینیشن، بیجوں کے پھیلاؤ اور آبادی پر قابو جیسے انتہائی ضروری افعال کے ذریعے حیاتیاتی تنوع برقرار رکھنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔**



**ریڈ سائیڈ ڈیس:**
ریڈ سائیڈ ڈیس، GTA میں ایک خطرہ زدہ (endangered) نسل، ندیوں کے ساتھ سے سبزہ ہٹائے جانے کی وجہ سے متاثرہ ہیں، جو ان کی خوراک کی فراہمی، دریائی ساحل کے استحکام (riverbank stability) اور پانی کے درجہ حرارت پر اثر انداز ہوتا ہے۔



**کامن گارٹر:**
کامن گارٹر اسنیکس بے ضرر ہیں اور برامپٹن میں پائے جاتے ہیں۔ یہ روڈینٹس اور کیڑوں کی آبادیوں کو قابو کر کے اونٹاریو کے ماحولیاتی نظام میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔



**ایسٹرن کویوٹیز:**
ایسٹرن کویوٹیز، جو برامپٹن جیسے شہری علاقوں میں عام ہیں، چھوٹے میملز کی آبادیوں کو قابو کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ کویوٹیز کے ساتھ زندگی گزارنے کے متعلق مزید جاننے کے لیے brampton.ca/coyotes ملاحظہ کریں۔



**بمبل بیز:**
بمبل بیز، جو انتہائی اہم مقامی پولینیٹرز ہیں، ہمارے ماحولیاتی نظام کے لیے مفید ہیں اور فصلوں کی پیداوار میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ رہنے کی جگہوں کا کھو جانا بمبل بیز کی آبادیوں میں کمی کا سبب بن گیا ہے۔



**مڈ لینڈ ٹرٹل:**
مڈ لینڈ ٹرٹلز، جنہیں ان کے سرخ یا زرد نشانات سے پہچانا جا سکتا ہے، کو رہنے کی جگہوں کے کھو جانے اور بٹ جانے، شکار کیے جانے اور سڑک کے حادثوں کی وجہ سے اونٹاریو میں آبادی میں کمی کا سامنا ہے۔



**مونارک بٹرفلائے:**
مونارک بٹرفلائیز انڈے دینے اور رس کے ذریعے کے لیے ملک ویڈ کے پودوں پر انحصار کرتی ہیں۔ رہنے کی جگہوں کی خرابی ان کے وجود کے لیے بڑا خطرہ ہے۔




**شمالی لیپرڈ فراگ:**
شمالی لیپرڈ فراگ کو اس کے گہرے دھبوں کے ساتھ سبز یا بھورے رنگ سے پہچانا جا سکتا ہے۔ یہ نوع پورے شمالی امریکہ میں دلدلی علاقوں اور سبزہ زاروں میں پائی جاتی ہے۔



**لٹل براؤن مائیوٹس بیٹ:**
لٹل براؤن مائیوٹس بیٹ کینیڈا میں چمگادڑوں کی سب سے زیادہ پائی جانے والی قسم ہے، جو اکثر انسانی تعمیر کردہ جگہوں پر بسیرا کرتی ہیں۔ انہیں خطرات میں خلل اور وائیٹ نائز سنڈروم، جو ہائبرنیشن کو متاثر کرنے والی پھپھوندی (fungus) ہے، شامل



**ایسٹرن سکریش آؤل:**
ایسٹرن سکریش آؤلز بھورے پروں اور پیلی آنکھوں والے چھوٹے الو ہوتے ہیں، جو انہیں جنگلی علاقوں میں چھپ جانے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ رات کو فعال ہوتے ہیں اور اپنی خوشگوار گٹکری دار (trilling) آواز کے لیے پہچانے جاتے ہیں۔



**کینیڈا گیز:**
کینیڈا گیز وافر خوراک اور کم قدرتی شکاریوں کی وجہ سے شہری علاقوں میں پھلتے پھولتے ہیں۔ انہیں اکثر پارکس میں اور قدرتی پانی کی جگہوں کے قریب پایا جا سکتا ہے اور مائیگریٹری برڈز پروٹیکشن ایکٹ کے تحت تحفظ یافتہ ہیں۔ یہ بیج پھیلانے اور قدرتی جگہوں کو غذائی اجزاء فراہم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔



**ایسٹرن چپمنک:**
ایسٹرن چپمنکس سالانہ پت جھڑ والے جنگلات اور شہری پارکس میں رہتے ہیں اور پودوں کی چھانٹ، لکڑی کے ٹکڑوں اور جھاڑیوں والی پتھریلی جگہوں کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کی خوراک متنوع ہوتی ہے اور انہیں شکروں، الوؤں، لومڑیوں، سانپوں اور کویوٹیز کی جانب سے شکار کیا جاتا ہے۔



**براؤن ریٹس:**
براؤن ریٹ زیر زمین سرنگوں کا ایک پیچیدہ سسٹم بناتا ہے۔ یہ سرنگیں زمین میں ہوا کے بہتر گزر اور غذائی اجزاء کی تقسیم کو ممکن بنا کر صحت مند تر مٹی اور پودوں کی بڑھوتری میں کردار ادا کرتی ہیں۔ براؤن ریٹس الوؤں، شکروں اور سانپوں کے لیے خوراک کا ذریعہ بنتے ہیں۔



# حملہ آور
# غیر مقامی پودے اور جانور

غیر مقامی پودوں اور جانوروں (Invasive species) کا مطلب ایسے غیر آبائی پودے یا جانور ہیں، جنہیں اکثر انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے ایک نئے ماحولیاتی نظام میں متعارف کروایا جاتا ہے، جو تیزی سے پھیل سکتی ہیں اور قدرتی انواع اور ان کے رہنے کی جگھوں کو منفی طور پر متاثر کر سکتی ہیں۔ یہ انواع آبائی انواع کو وسائل کی دوڑ میں پیچھے چھوڑ سکتی ہیں، ماحولیاتی توازن کو متاثر کر سکتی ہیں اور معاشی اور ماحولیاتی نقصان کی وجہ بن سکتی ہیں۔



## کامن بک تھارن

**اثرات:**

- گھنی جھاڑیوں (thickets) کا سلسلہ بنا لیتے ہیں، جو آبائی پودوں پر سایہ ڈال دیتا ہے
- مٹی میں نائیٹروجن کے درجات کو بدل دیتا ہے، جو آبائی انواع کی بڑھوتری کو متاثر کرتا ہے
- اوٹ رسٹ، جو جئی کی پیداوار اور معیار کو متاثر کرنے والی ایک پھپھوندی (fungus) ہے، اور سویابین ایفڈ، جو سویا بین کی فصل کو نقصان پہنچانے والا ایک کیڑا ہے، کا گھر بنتی ہے



## گارلک مسٹرڈ

**اثرات:**

- بےخلل جنگلات پر حملہ آور ہو سکتا ہے اور آبائی جنگلی پھولوں کو جگہ سے نکال سکتا ہے
- پودوں کی جڑوں میں غذائی اجزاء لانے والی پھپھوندی کی بڑھوتری میں خلل لا کر آبائی پودوں کی بڑھوتری روک سکتا ہے
- اونٹاریو کی کئی زیر خطرہ انواع کو خطرے میں ڈالتا ہے، بشمول امیریکن جن سینگ



## جیپنیز ناٹ ویڈ

**اثرات:**

- تیزی سے پھیلتی ہے اور گہری جھاڑیاں بناتی ہے، جو جنگلی حیات کے رہنے کی جگھوں کو خراب کرتی ہے
- دیگر آبائی سبزے کے ساتھ مقابلہ کر کے پودوں کے حیاتیاتی تنوع کو کم کرتی ہے
- جڑوں کے مضبوط نظام کے ساتھ جارحانہ نوعیت رکھتی ہے، جو ایسفالٹ اور کنکریٹ کو توڑ سکتی ہیں

# آپ غیر مقامی پودوں اور جانوروں کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے کیا کر سکتے ہیں

- حملہ آور انواع کی شناخت کرنے اور انہیں روکنے کے حوالے سے خود کو آگاہ کریں۔ مزید معلومات کے لیے invadingspecies.com ملاحظہ کریں۔
- انواع کی شناخت کے لیے آئی نیچرلسٹ کی جانب سے سیک جیسی ایپس استعمال کریں
- لینڈ اسکیپنگ کے لیے غیر مقامی پودے استعمال کرنے سے گریز کریں اور گارڈن سنٹرز سپلائرز سے آبائی متبادل منتخب کریں۔
- بیجوں کی پیداوار کو روکنے کے لیے غیر مقامی پودوں کو کوڑے میں باقاعدہ طریقے سے تلف کریں۔
- ہائیکنگ کرتے ہوئے ٹریلز پر محدود رہ کر اور پالتو جانوروں کو لیش سے باندھ کر غیر مقامی پودوں کے پھیلاؤ کو کم کریں۔

**غیر مقامی پودے اور جانور نظر آنے کے متعلق انویڈنگ سپیشیز ہاٹ لائن کو 1-800-563-7711 پر اطلاع دیں**

**EDDMAPS.ORG**



## فریگمائیٹس

**اثرات:**

- قدرتی سبزے کے لیے جگہ کم کرتی ہے، جس سے پودوں کا حیاتیاتی تنوع کم ہو جاتا ہے
- جنگلی حیات کی رہنے کی جگہ اور خوراک کے لیے زیادہ موزوں نہیں
- آبائی پودوں کی نسبت زیادہ پانی استعمال کر کے بہت تیزی سے بڑھتی ہے، جس سے پانی کے درجات کم ہو جاتے ہیں



## اسپنجی موتھ

**اثرات:**

- درختوں کے پتے گراتا ہے اور بڑی تعداد میں درختوں کی موت کا سبب بنتا ہے، جنہیں بدلنے کے لیے شہروں یا کاروباروں پر معاشی بوجھ پڑ سکتا ہے
- سنڈیاں (caterpillars) پودوں کے بالائی حصوں کو مکمل طور پر خالی کر سکتی ہیں، جس کا انحصار عمر اور آبادی کے حجم پر ہوتا ہے۔



## ایشیئن کارپ

**اثرات:**

- خوراک اور رہنے کی جگہ کے لیے آبائی انواع کے ساتھ مقابلہ کرتی ہے
- پودوں کی جڑیں اکھاڑتی ہے اور تہہ میں سطح میں خلل لاتی ہے، جس سے پانی دھندلا ہو جاتا ہے اور آبی پودوں کی بڑھوتری کم ہوتی ہے



## گولڈ فِش

**اثرات:**

- خوراک اور رہنے کی جگہ کے لیے آبائی انواع کے ساتھ مقابلہ کرتی ہے
- خوراک لیتے ہوئے کیچڑ کو ہلا دیتی ہے، جس سے پانی کا دھندلا پن بڑھ جاتا ہے اور آبی پودوں کی بڑھوتری کم ہو جاتی ہے
- کم شکاریوں کی وجہ سے کھڑے پانی میں بڑی آبادی بنانے کا امکان

# آپ NHS کی معاونت کیسے کر سکتے ہیں:
## گھرپر

### آبائی انواع (Native Species) لگائیں

- پرندوں، تتلیوں اور دیگر جنگلی حیات کے لیے کشش پیدا کرنے کے لیے اپنی صحن کے ڈیزائن میں ایک زیادہ نیچرلائیزڈ طریقہ اپنائیں۔

- آبائی درخت، جھاڑیاں اور پھول لگائیں۔ قدرتی انواع حیاتیاتی تنوع کو بڑھاتی ہیں، جنگلی حیات کے لیے خوراک اور رہنے کی جگہ فراہم کرتی ہیں اور انہیں غیر آبائی انواع کے مقابلے میں کم پانی اور دیکھ بھال درکار ہوتی ہے۔

- پودوں کو قابو کرنے کے لیے زہریلے کیمیکلز، ہربی سائیڈز یا پیسٹی سائیڈز استعمال کرنے سے گریز کریں۔ اس کی بجائے ماحول دوست انتخابات، مثلاً برتن دھونے کے صابن میں سرکہ ملا کر، استعمال کریں۔

### حملہ آور پودوں کو منتظم کریں

- حملہ آور انواع کے مضبوط ہونے یا بیج پیدا کرنے سے پہلے انہیں نکال کر ان کے پھیلاؤ کو روکیں۔ تمام حملہ آور انواع کو کوڑے میں پھینکیں، صحن کے فضلے میں شامل نہ کریں۔

- صحن کے فضلے یا کمپوسٹ کے مواد کو قدرتی علاقوں میں نہ پھینکیں، کیونکہ اس سے حملہ آور انواع کا پھیلاؤ ہوتا ہے۔ اس کی بجائے، ریجن آف پیل کے گرین بن اور یارڈ ویسٹ کلیکشن پروگرام کو استعمال کریں۔

### پانی کے معیار کا تحفظ کریں

- کبھی بھی کیمیکلز، تیل، دھول یا آلودہ پانی کو کیچ بیسنز، تالابوں، گڑھوں، نالوں یا دریاؤ میں نہ گرائیں یا دھوئیں۔
نقصان دہ گھریلو فضلے کو برامپٹن میں فضلے کی تلفی کے مختص شدہ مقامات پر تلف کریں۔

- جب ممکن ہو، اپنی گاڑی کو ایک کمرشل کار واش پر دھوئیں اور اپنی گاڑی کو گھر پر دھونے سے آنے والا آلودہ پانی سنک یا ٹائلٹ میں تلف کریں، تاکہ اسے صاف کیا جا سکے۔

- سردیوں میں سڑک کے نمک کے استعمال کی مقدار کے متعلق احتیاط کریں، کیونکہ اضافی نمک پانی کے راستوں کو آلودہ کر سکتا ہے۔

### جنگلی حیات کی معاونت کریں

- کوڑے اور کمپوسٹ کو جانوروں سے بچاؤ والے کنٹینرز یا بنز میں ذخیرہ کریں۔

- پرندوں کے کھانے کے برتنوں کے ارد گرد سے زمین پر سے بیج صاف کریں۔

- اگر ممکن ہو تو درختوں کی گری ہوئی شاخوں اور مردہ درختوں کو وہیں چھوڑ دیں، جہاں وہ ہیں۔ یہ مواد زمین کے لیے اہم غذائی اجزاء فراہم کرتے ہیں اور جنگلی حیات کے لیے خوراک اور رہنے کی جگہ کا ذریعہ ہیں۔

# آپ NHS کی معاونت کیسے کر سکتے ہیں:
## ذاتی طور پر

### کوئی سراغ نہ چھوڑیں

- کوڑا نہ پھیلائیں۔ تمام کچرے کو فراہم کردہ بنز میں ڈال کر یا اپنے ساتھ واپس لے جا کر تلف کریں۔
- پالتو جانوروں کا فضلہ صاف کریں اور انہیں لیش میں رکھیں۔ اگر انہیں کھلا چھوڑ دیا جائے، تو پالتو جانور سبزے کو کچل سکتے ہیں اور پرندوں اور دیگر چھوٹے جانوروں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔
- نئی ٹریلز نہ بنائیں۔ اضافی ٹریلز NHS کو نقصان دیتی ہیں، حملہ آور انواع پھیلاتی ہیں اور آبائی انواع کے لیے خلل پیدا کرتی ہیں۔



### قدرت کو اکیلا چھوڑ دیں

- جنگلی حیات کو کھانا نہ ڈالیں، انسانی خوراک ان کی صحت کے لیے نقصان دہ ہے اور یہ عمل جانوروں کو خود اپنی خوراک تلاش کرنے سے روکتا ہے۔
- درختوں سے شاخیں تراشیں یا کاٹیں نہیں، کیونکہ اس سے درختوں کو نقصان ہو سکتا ہے اور جنگل کی دوبارہ پیداوار میں رکاوٹ آ سکتی ہے۔
- چھوٹی مخلوقات، مثلاً مینڈک، سیلامینڈرز اور تتلیاں، کو تنگ نہ کریں اور نہ پکڑیں۔ انہیں ان کے گھروں میں دیکھ کر لطف اندوز ہوں، نہ کہ اپنے۔

### تجاوزات سے گریز کریں

- تجاوز اس وقت ہوتا ہے جب شہری قدرتی جگہوں کو نامناسب طور پر یا نجی مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں، مثلاً توسیع شدہ لینڈ اسکیپنگ۔ قدرتی جگہوں پر تجاوز کرنے والے رہائشی NHS کے معیار کو خراب کرتے ہیں۔ تجاوز برامپٹن میں ممنوع ہے اور اس پر جرمانے کیے جا سکتے ہیں۔

### پھیلاؤ کو روکیں

- حملہ آور انواع کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے کسی قدرتی جگہ سے نکلتے ہوئے، اپنے اوپر اور اپنے سامان پر موجود پودوں کا مواد ہٹائیں۔
- نقصان دہ کیڑوں کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے لکڑی، شاخوں اور پودوں کے مواد کو جگہ سے نہ ہٹائیں یا ساتھ لے کر نہ جائیں۔

# کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات

**سوال** **میں قدرتی جگہوں کی وجہ سے اپنی املاک پر آنے والے روڈنٹس اور تنگ کرنے والے جانوروں کے متعلق کیا کروں؟**


**جواب** جانور اپنے رہنے کی قدرتی جگہوں کو خوراک کی تلاش میں چھوڑتے ہیں۔ اپنی املاک پر آنے سے جانوروں کی حوصلہ شکنی کرنے کے لیے کوڑے اور کمپوسٹ کو باقاعدہ طریقے سے محفوظ رکھیں اور برڈ فیڈرز سے گرنے والے بیجوں کی صفائی کریں۔

**سوال** **میں نے اپنی املاک کے قریب ایک کویوٹی دیکھا ہے، مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

**جواب** کویوٹیز کے انسانوں پر حملوں کے واقعات بہت نایاب ہیں۔ کویوٹیز کے انسانوں کے ساتھ تعامل کے تمام زیر علم کیسز میں، جانور انسانوں کا اپنا خوف کھو چکے تھے، کیونکہ لوگ انہیں کھانا کھلا رہے تھے۔ کویوٹیز کو کھانا نہ کھلائیں، تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ لوگوں کے ارد گرد آرامدہ محسوس نہ کریں۔ برامپٹن میں کویوٹیز کے نظر آنے کے متعلق معلومات حاصل کرنے یا نظر آنے کے متعلق اطلاع دینے کے لیے brampton.ca/animalservices ملاحظہ کریں۔ اگر آپ کو کوئی بیمار یا چوٹ زدہ کویوٹی نظر آتا ہے، تو 311 پر کال کر کے اینیمل سروسز سے رابطہ کریں۔

**سوال** **کیا قدرتی جگہوں سے گھاس پھونس میری املاک پر پھیلیں گی؟**

**جواب** قدرتی جگہوں کے قریب رہنے کے کئی فوائد ہیں۔ پودوں کی انواع کی قدرتی جگہوں سے ہجرت ایک صحت مند عمل ہے، جو قدرت کے قریب اور ساتھ رہنے کا حصہ ہے۔



**چنگواکوسی ٹریل**

**سوال** **میری الرجیوں کا کیا ہو گا؟**

**جواب** قدرتی جگہیں پولن اور دیگر ہوائی الرجنز کی موجودگی کی وجہ سے الرجیوں پر اثر انداز ہو سکتی ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی بھی الرجی کے موسم کی شدت اور دورانیے پر اثر انداز ہو سکتی ہے، جس کی وجہ پولن کی پیداوار اور بڑھوتری کا زیادہ عرصہ جیسے عناصر ہیں۔ چونکہ زیادہ گرم موسم پودوں کو اشارہ دیتا ہے کہ وہ جلدی کھِل سکتے ہیں، پولن کے موسم جلدی شروع ہو رہے ہیں اور لمبے رہ رہے ہیں۔

**سوال** **میری املاک کے پیچھے قدرتی علاقہ بےترتیب نظر آتا ہے**

**جواب** غیر پختہ قدرتی جگہیں بےترتیب نظر آ سکتی ہیں، جب تک کہ انہیں پختہ جنگلی جگہوں میں بدلنے کے لیے وقت نہ مل جائے۔ تاہم، یہ جگہیں پھر بھی کئی فوائد دیتی ہیں، بشمول جنگلی حیات کے رہنے کی جگہ اور خوراک کے ذرائع۔

**سوال** **قدرتی جگہوں پر تجاوز کرنے کے نتائج کیا ہیں؟**

**جواب** صحن کو املاک کی حدود سے توسیع دے کر قدرتی جگہوں پر لے جانا رہنے کی متنوع جگہوں کو تباہ کرتا ہے اور حیاتیاتی تنوع کو کم کرتا ہے۔ تجاوز ممنوع ہے اور برامپٹن بائی لاء سروسز کی جانب سے سزا کا سبب بنے گا۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

اگر آپ کسی شخص کو غیر قانونی طور پر کوڑا پھینک کر، درخت کاٹ کے یا اپنی باڑ کے اوپر سے صحن کا فضلہ پھینک کر NHS کو نقصان یا خلل پہنچاتے ہوئے دیکھیں، تو 311 پر کال کر کے اس عمل کے متعلق فوراً بائی لاء کو اطلاع دیں۔

**سوال** **درختوں سے پتے، پولن اور پودوں کا مواد میرے صحن میں گر رہا ہے۔ کیا سٹی درخت ہٹا سکتا ہے؟**

**جواب** نہیں، سٹی ہمسایہ عوامی جگہ (neighbouring public land) سے درخت نہیں ہٹائے گا، ماسوائے یہ کہ اس سے املاک یا لوگوں کو براہ راست خطرہ نہ ہو (مثلاً گرنا، مردہ یا مرتے ہوئے درخت)۔ یہ سمجھنا اہم ہے کہ قدرتی عمل، جیسا کہ پتوں کا کوڑا، جنگلی حیات نظر آنا اور دیگر ضمنی مصنوعات (by-products) قدرت کے قریب اور ساتھ رہنے کا ایک قدرتی نتیجہ ہیں۔ درخت موسمیاتی تبدیلی میں اپنے کردار کی وجہ سے اہم ہیں۔

**سوال** **مجھے صحن اور باغ کے فضلے کے ساتھ کیا کرنا چاہیے؟**

**جواب** اپنے صحن کے فضلے کو پیل ریجن یارڈ ویسٹ بن کلیکشن پروگرام اور اپنی گرین بن کے ذریعے باقاعدہ طور پر تلف کریں۔ اپنے صحن کا فضلہ قدرتی جگہوں یا پانی والی جگہوں پر پھینکنا غیر قانونی ہے، کیونکہ اس سے ماحول کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔



Loafers Lake



# لغت

**حیاتیاتی تنوع**

تمام زندہ اشیاء اور ان کے ایک دوسرے اور اپنے ماحول کے ساتھ تعامل کے طریقے۔

**ماحولیاتی نظام**

زندہ مخلوقات کی ایک کمیونٹی اور اس ماحول، جس میں وہ رہتے ہیں اور پر انحصار کرتے ہیں، کا ایک یونٹ کے طور پر کام کرنا۔

**ماحولیاتی خدمات**

قدرتی ماحول کی جانب سے فراہم کردہ فوائد۔ اس میں سیلاب پر قابو، مٹی کو برقرار رکھنا، پانی کی صفائی، ہوا کا بہتر معیار، پولینیشن، ماحولیاتی تبدیلی میں کمی (climate change mitigation) اور جنگلی حیات کے رہنے کی جگہ، جنگل اور تازے پانی کی خوراک اور بیرونی تفریح و سرگرمیوں کے لیے جگہوں کی فراہمی

**قدرتی جگہیں**

سٹی کی جانب سے تحفظ یافتہ جگہیں، جن میں قدرتی میراث (natural heritage) کے خدوخال موجود ہیں، جیسا کہ جنگلی علاقے، ویلی لینڈز، دلدلی علاقے، جھیلیں، دریا، تالاب اور سبزہ زار۔

**نیچرل ہیریٹیج سسٹم**

برامپٹن کے قدرتی خدوخال اور علاقوں کا نیٹ ورک، بشمول جنگلی علاقے، ویلی لینڈز، دلدلی علاقے، جھیلیں، دریا، تالاب اور سبزہ زار۔ NHS سٹی اور اس کے رہائشیوں کو فوائد اور ضروری خدمات فراہم کرتا ہے، جیسا کہ ہماری ہوا اور پانی کو صاف کرنا، حیاتیاتی تنوع کو برقرار رکھنا، سیلاب کو کم کرنا، تفریحی مواقع فراہم کرنا اور گرین ہاؤس گیس (GHG) کے اخراج کو جذب اور ذخیرہ کرنا۔

**نیچرلائیزیشن**

ایک عمل، جس سے زمین کو منتظم کرنے کے متبادل طریقہ کار ایک ماحولیاتی نظام کی بحالی کو فروغ دیتے ہیں۔

**پولینیٹر**

پولینیٹرز ایسے کیڑے یا جانور ہوتے ہیں، جو پھول کے مردانہ حصے (سٹیمن) سے پولن کو اسی یا دوسرے پھول کے زنانہ حصے (سٹگما) تک لے کر جاتے ہیں۔ پودے کے بارور ہونے اور پھل، بیج اور نئے پودے بنانے کے لیے پولن کی یہ حرکت لازمی ہے۔

# مزید وسائل ملاحظہ کرنے کے لیے کیو آر کوڈز کو اسکین کریں

کوڑے میں
کمی لانا

NHS کی بحالی
کا نقشہ

گرو گرین

جھیلوں اور دریاؤں
کے ٹوئرز

برامپٹن ٹریلز کا
نقشہ

اینیمل
سروسز

حملہ آور
پودے

ٹورانٹو اینڈ ریجن
کنزرویشن اتھارٹی

کریڈٹ ویلی
کنزرویشن

حملہ آور
انواع

اس بارے میں مزید جانیں کہ آپ برامپٹن کے
نیچرل ہیریٹیج سسٹم کی مدد کرنے میں کیسے شامل ہو سکتے ہیں۔
**brampton.ca/growgreen** ملاحظہ کریں

